سلمانؓ چابک کوں چاون گیا ۔۔۔ در فاطمہؓ دے جاں حاضر تھیا
او بولی ہے چابک دا ہِن کم کہاں ۔۔۔ بابا نحیفے تے چابک گراں
سزا وار کونے بنام خدا ۔۔۔ سلمانؓ میکوں توں اتلا ڈسا
سُنایا سبھو حال تے واقعہ ۔۔۔ پریشان بولی بی بی فاطمہؓ
عکاشےؓ کوں آکھوں کرے انتظار ۔۔۔ حسنؓ بدلہ ڈیون لیوں ہے تیار
عکاشےؓ ایں گل کوں نہ کیتا قبول ۔۔۔ مریساں میں کوڑا بہ پشتِ رسولؐ
کرو پیٹھ ننگی کراں اپنا وار ۔۔۔ حکم سن نبیؐ ڈِتا چولا اُتار
ست سیروزنی ہا چابک دراز ۔۔۔ عکاشہؓ نہ بدلے کنوں آیا باز

منظر جنیں ڈٹھا گیاں چیکاں نکل ‏ ‏ عکاشہؓ بضد آیا مارن تے پل
چابک اُلاری گیا جانب رسولؐ ‏ ‏ غمگین اصحابؓ آلِ بتولؓ
فرشتے کھڑے روندے زار وقطار ‏ ‏ الٰہی ستم ہے عجب آشکار
حوالے عکاشہؓ دے پشتِ نبیؐ ‏ ‏ چابک کوں رکھ تے مہر چم گھدی
عکاشہؓ مُہر چم کے ہویا نہال ‏ ‏ خدا وند بخشی سعادت کمال
خوش ہو کے فرمایا خیر الانام ‏ ‏ عکاشہؓ تے دوزخ دی آتش حرام
آئی اچانک اذانِ بلالؓ ‏ ‏ مسجد نبیؐ دو ونجن ہا محال
حکم ڈتا صدیقؓ امامت کرے ‏ ‏ مصلّے دے اُتّے قدم ونج دھرے
خدادا حکم ہے تے میڈی رضا ‏ ‏ ابوبکرؓ اُمت دا ہے پیشوا
مسجد وچ پے ہا گریہ فغاں ‏ ‏ صحابہؓ دا مشکل تریں امتحاں
علیؓ گھِن چلو میکوں مسجد ذرا ‏ ‏ صحابہؓ کریندے نہیں حوصلہ
نبی پاکؐ ہویا مصلّٰی نشیں ‏ ‏ ابوبکرؓ کوں چا کھڑایا قریں
ستارھاں نمازاں پڑھایاں عتیقؓ ‏ ‏ خلافت چھکائی نبیؐ دے رفیق
اچانک پسینہ جو آون لگا ‏ ‏ نبی پاکؐ گھر ڈو روانہ تھیا
مناجات پڑھدا خدادا رسولؐ ‏ ‏ سپردم بتو آلِ بی بی بتولؓ
رہے میڈی امت سدا شاد کام ‏ ‏ الٰہی میں ڈیندا ہاں پارت مدام
جبریلؑ دعوت ڈتی رب دی آن ‏ ‏ عزرائیلؑ آیا کرن قبض جان

سلامی پیامی دی خدمت تمام
اکرم نبیؐ تے درود سلام

# سحری دی بانگ

اللہ دے پیارے اُٹھو ویلھا سحور ہے
سحری دے لقمے کھاؤ، سنت حضورؐ ہے
جاگو کرو عبادت روزے دا وخت ہے
رمضان دا مہینہ مومن دا بخت ہے
روزہ ہے رب دی سنگت باطن دا نور ہے
صبرو رضا دے ڈینہ ہن راتیں قیامؑ ہے
امت محمدیہؐ تے رب دا سلام ہے
نازل ہے خیرو برکت، لطف وسرور ہے
رمضان دے محابے ہر نیکی ہے قبول
رحمت اتے مغفرت دے حصے کرو وصول
بخشش نجات منگو ملدی ضرور ہے
رمضان آیا اکرمؔ گئے ہن گناہ جل
بدعملی بڈّ موئی ہے رحمت دی چڑھی چھل
وَدھ گئی نیاز نیکی گھٹ گیا فتور ہے

# اندھی دا اندھارا

میں چالھی سالاں توڈیہدا آنداں، زمانہ جوں جوں وگڑ داویندے
اصول شکنی ، حقوق تلفی ، دارنگ ، ہر ہک تے چڑھداویندے

غضب ہے جتنا شعور وَدھ گئے خلوص گھٹ گئے غرور وَدھ گئے
نفاق گھر گھر فتور وَدھ گئے ، بھرا بھرا تو نکھڑداویندے

کہیں کوں رب دا خیال کیئی ، سکون صدق، مقال کیئی
نصیب رزقِ حلال کیئی عمل جو تھیندے اوسڑداویندے

عوام عامی دا راج بݨ گئے ، وزیر لوبھی مزاج بݨ گئے
حصول رشوت رواج بݨ گئے ،نظام شاہی داکھڑداویندے

حرام کاری دی ہے اندھاری ، خراب نیتاں خراب یاری
قتل مقدمہ تے چوری جاری ، تو ملک سارااُجڑداویندے

عوام حاکم دی اَٹ تے گٹ اِے، جلوس ہڑتال گھیڑ گھٹ اِے
اِیہ سارا آوے دا آواچٹ اِے، منافقت وِچ اُکھڑداویندے

بغاوتیں دی گھُلی اندھاری کہیں کوں عقبت نہیں پیاری
ہے سب دا مقصد جہان داری ایمان رونداتے رڑداویندے

معاشرے دی روش ہے گندی ، زنانی بنڑ ٹھنڑ بزاراَندی
کریندے بدماش ناکہ بندی ، حیا دا چولا اُدھڑ دا ویندے

ہے حال اَبتر خراب خستہ ، پکڑ تو اکرمؔ قُرانی رستہ
سلوک سِکھ نہ کہیں کوں کستا، اِیہ وقت غافل نبڑ دا ویندے

CamScanner

# کشمیر

مظلوم صبر اپنڑے دی تاثیر ذرا ڈیکھ
ظالم کوں خدا ڈیندا ہے تحریر ذرا ڈیکھ
ہن فیصلہ کر ڈیندی ہے تقدیر ذرا ڈیکھ
آزاد اجھوں تھیندا ہے کشمیر ذرا ڈیکھ

بھارت کوں وڈائی ہے میڈی فوج زیادی
کفار ستم گار تے لعنت ہے خدا دی

ابلیس دے منصوبے سبھے خاک کریسوں
کشمیر کوں منحوسیں کنوں پاک کریسوں
مکّار مہاشیں دا جگر چاک کریسوں
غدّار دا انجام الم ناک کریسوں

مت ماری ہے بھارت دی سُتے شیر جگائے
تقدیر اینکوں بیٹھے اندر آن پھسائے

لاہور تے قبضے دے ہوس کار مہاشو
اخبار دیوچ جیت دا پرچار مہاشو
جم خانے وٹو خوب ملی مار مہاشو
ہن کھیم کرن کولوں کھڑو پار مہاشو

اکھنور اتے چھمب مونا باؤ ہرائے
ہݨ خوف رکھو دہلی کوں بھگوان بچائے

طوفان دا رُخ شیر دلاں پھیر ڈکھائے
بم بار جہازیں کوں مزا خوب چکھائے
ہر توپ دے ہر ٹینک دا منہ بند کرائے
بھارت دا ہر اک جاتے گورستان بݨائے

ہر ضرب مسلمان دی کاری ہے تے جا ہی
رن چھوڑ نکل ویندے کرائے دے سپاہی

خوش باش وطن پاک دا جانباز سپاہی
قربان تیڈی غیرتِ ایمان تو ماہی
بے دین ستم گر دی کیتی خوب تباہی
معلوم ہے دنیا کوں تو ہئیں شیرِ الٰہی

ہر حال خدا ساکوں فتح یاب کریسی
اُمیّد ہے اسلام دی او لاج پلیسی

# غلہ زیادہ اگاؤ

جفاکش غریبو، میڈے جٹ بھراؤ
ضرورت کنوں ڈھیر غلّہ اُگاؤ

تہاڈا ایہو ہل چلاوݨ جہاد ے　　زمیں کار آمد بناوݨ جہادے
رہاوݨ جہاد ہے پلاوݨ جہادے　　عبادت ہے کھیتی دا ہر کم بھراؤ
تہاڈا پسینہ خود آبِ حیاتے　　کمارا ، جگّارا زکوٰتے صلاتے
تہاڈی کمت کھاندی کل کائناتے　　کرو خوب محنت جٹا کی چھکاؤ
زمیں دا کوئی چپّہ بنجر نہ چھوڑو　　جھکاڑاں، اُچاڑاں تے کھنڈر نہ چھوڑو
کوئی خامی رقبے دے اندر نہ چھوڑو　　ہووے بیج عمدہ جیرھی شئے رہاؤ
حکومت کوں راڈھی ہے ڈاڈھی پیاری　　کرو کھاد کلّر دے نال ایندی داری
خدا نہ کرے جے لگّے کوئی بیماری　　زراعت دے افسر کوں موقع ڈکھاؤ
تساں کیمیا گر تو فن وچ زیادے　　ہواݨ داتا جگ دے خلیفے خدادے
ہوا کرم بلاشک زیارت دے ڈادے　　خزانے کرو پیدا پل وچ لٹاؤ

# واب شکوہ سرائیکی

﴿نمونے دے طور تے چند بند﴾

دل [illegible] نکھدی ہے ، اثر رکھدی ہے
[illegible] پنخ دی طرح ، اُچ تے نظر رکھدی ہے
خاک تو اٹھدی ہے ، فلکاں تے گزر رکھدی ہے
سوز بجلی تو زیادہ ، شر شرر رکھدی ہے
آسماں ہو یا تراماں دھاڑ دے شعلے کنوں
عرش آخر ہل گیا ، آہ دے ہتھ ہولے کنوں

چرخ اَلوایا پھپھاڑی ہوئے قائل کوئی
تارے بولئے ہے نجومی اَتے سائل کوئی
چن اَلاناڻ ہے ایہ چکوا ، میڈو مائل کوئی
کہکشاں آکھیا ہے ، پاندھی اَتے گھائل کوئی
دھاڑ میڈی جاں سُݨی جنت وچالے رضواں
کُرک پیا ہئیں کیویں ول آ گئے راندہ انساں

ہئی فرشتیں کوں وی حیرت ایہ آواز ہے کیا؟
عرش والیں کوں نہیں معلوم ، ایہ راز ہے کیا؟
آدمی دی آسمانیں اُتے پرواز ہے کیا؟
بݨ گیا نیچ ممولہ بازیں دا باز ہے کیا؟

بےادب شوخ تے گستاخ ، بہوں لاتک ہے
ہے اُچکا ، چٹ چگل ، بےشرم اُتے بے نک ہے
جانگلی بدّو ہے چِھتّا ، نال رب دے اِٹ گئے
بےادب ، کورا عقل دا ، بےمحابا پھٹ گئے
چھوڑ ظالم بندگی ، رَن دے عشق اِچ مِٹ گئے
مَت لگے شیطان دی پاگل تھی کفر وِچ فِٹ گئے
پھُوتاں مارے لٹلے ، کرکے لکھ ایجاداں
زرزیناں ، زن دے چکر ، بھلیا رب دیاں یاداں
آئی آواز ، ہے غم ناک فسانہ تیڈا
عرش دے پار ہے ، دھوں سوختہ خانہ تیڈا
شوخ ہے شوخ بہوں ، دل ہے دیوانہ تیڈا
خیر ہے من بھاوناں نعرہ مستانہ تیڈا
ماریو سخت سُناوت میڈا سچّو ہم دم
ہم سخن کر ڈِتو بندے تے خدا کوں باہم

# غزل

محبت زندگی دی بھوم جذبہ نیک پاکی ہے
محبت دل دی بیداری اَتے اکھ دی اُشاکی ہے

سمولے سارے چلنے ہن نہ اِن تے ڈہن نہ اُن تے ڈہن
سِروں بھالے نہ کنّنے ڈہن تے ھگّا اِنہاکی ہے

نہ بھاندے شر تے جھیڑے ہن سِروں بے جا نکھیڑے ہن
مہر وچ سب نبیڑے ہن ، بہوں اَندوہ ناکی ہے

کِشالے وی بَھلے لگدن توڑے جو بے کلے لگدن
پندھیڑے وِچ ولے لگدن مگر وِتھ لیلے باکی ہے

محبت خوش ادا ہے کئی ، بنیندی دل صفا ہے کئی
نظام اولیا ہے کئی ، کوئی بختیار کاکی ہے

ادا اِتھ ناروا کیئنی ، سروں غفلت دی جا کیئنی
نظر دا ماسوا کیئنی جے ولڑی کجھ سجاکی ہے

دعا اکرم توں منگ رب توں، رکھ آساں روز تے شب توں
مہر دے بول کڈھ لب توں، کجھ توں بندہ خاکی ہے

# غزل

غیر ہاب تھیا چندر ہے افلاک تے پھاکا
برباد تھیا عشق پیا حُسن تے ڈاکا

ہُݨ کون سُݨے شعر تے نغمات اُساڈے
چوطرف ہے ایٹم دا دھماکے تے دھماکا

ہُن روس تے امریکا درندے تے لٹیرے
مارن یا اُجاڑن اُساں مجبور ہیں کاکا

ابلیس قیامت نہ ڈکھا ظلم دی بس کر
کافی ہے اگیں ساکوں محرم دا ڈہاکا

ہے لیس وطن پاک ایہ دشمن کوں خبر ہے
اسلام دی نگری دا ایہ لڑکا ہے لڑاکا

عیّار تے مکّار ہے بھارت دا برہمن
اکرم تھی خبردار سُجاکا تھی سُجاکا

# غزل

او گھڑی چنگی نظر دی ہے عمر ساری کنوں
جاں مٹھل گالھیں کریندے جہات باری کنوں

حسن دے انداز دلڑی کوں مُسا کرسٹ گئے
فائدہ کیا تھیا مسائیں یار دی یاری کنوں

اکھ شکستی مونجھ دی تے دل شکستی تانگھ دی
تھیوے چھٹکارا خدا وا سخت لاچاری کنوں

ڈھیر حسرت ، ڈھیر ڈکھ ہن درد وغم کیویں سہاں
حال دل پچھدا نہ کوئی ، ہجر دی ماری کنوں

مشکلیں دے تار دریا تو گزر کیویں تھیندے
سکھ گھنیجے ہا ترن دا فن ترن تاری کنوں

کر ویسی اکرم اثر ہک ڈینہہ ،بدلدے وقت تے
دھوں نکلدا ہے جو میڈی، آہ تے زاری کنوں

# (غزل)

سجن ڈے تیکوں صنم آکھاں مسیحا دلربا آکھاں
مِٹھل چوڑی دا چن آکھاں، عجب مظہر خدا آکھاں

کتابی چہرہ مصحف ہے، سہانے خال نقطے ہن
تے پلکاں زیراں زبراں ہن ثواب ایند القا آکھاں

نگاہِ ناز نیزہ ہے تے چشماں تیز تیغاں ہن
تے ڈو ابرو کٹاراں ہن کرشمے کوں قضا آکھاں

دہن دروازہ جنت ہے تے عارض عرش اولیٰ ہن
صفا گردن صُبُح صادق، نظارہ دلکشا آکھاں

عجب ہے خوشنما بینی، ڈِٹھیں رب یاد آندا ہے
ہے کھاڈی روہ نصری دا تے لب آبِ بقا آکھاں

صنوبر قد قیامت ہے، نزاکت ناز آفت ہے
حُسن بے مثل ہے اکرم کراں تعریف کیا آکھاں

# غزل

صنم گاہے گاہے کرم دی نظر کر میڈی جان درداں تو آزاد رہسی
جوانی دا صدقہ پلا جامِ اُلفت کرم جو کریسیں سدا یاد رہسی

وفائیں دے بدلے جفائیں کریندیں میں اُلفت کرینداں توں نفرت کریندیں
ڈِسا میں نمانے تے کے تونڈیں جانی سزا بے خطا ظلم بےداد رہسی

نظر تیڈی کیتے کرم اتنجھے جگر میڈا رشکِ چمن تھی گیا ہے
بہاراں ہزاراں میڈے در تے ڈھکسن تے زخمیں کوں ضربیں دی امداد رہسی

محبت دی منزل کوں میں طے کریساں ملن جینجھے صدمے صبر کر نبھیساں
قیامت جو سر تو گزر ویسی اکرمؔ تیڈے عشق وچ ضبطِ فریاد رہسی

# کافی

لئی زلف کھڑی ہے لٹکے
دِل نال کرے نت کٹکے

بدھ مشکیں خوب ستاوے
بنڑ مشکی نانگ ڈراوے
کردار تے مار مکاوے
ہے کون جو اینکوں ہٹکے

لِٹ صورت لام نظر دی
ہے سیخ کباب جگر دی
بنڑ کنڈی ظلم قہر دی
پڑہاں وِچ دم کوں اَٹکے

ایہ زلف نہیں زنجیرے
یا برہوں دی تحریرے
میں مٹھڑی دی تقدیرے
گل گھوگھے کاکل پٹکے

ایہ زلف ہے ظلم دی وستی
ہر وقت اندھار تے مستی
نہیں سہندی میڈی ہستی
کیوں ڈیندیں زلف کوں جھٹکے

ہے زلف دلو دل فگاری
بس میڈی توبہ زاری
نہیں بچدی جان بچاری
کھڑی ڈہدی عانے پٹکے

ہیں زلف دے واسی گاسی
مجبور تے اللہ راسی
ہے گل وچ زلف دی پھاسی
کھڑے حاضر ہیں سرِ سٹ کے

توں اکرمؔ منہ نہ موڑیں
دلدار دا در نہ چھوڑیں
عزریل اگوں ہتھ جوڑیں
بے دل دی جند نہ پھٹکے

# کافی

ڈِیوے لہو دے بال بال
ہٹیم سجنڑ کوں بھال بھال

برہوں دی کالی رات ہے — آفات دی برسات ہے
باجھوں سجنڑ سکرات ہے — پل پل نظردے سال سال

جتئیں ڈیِنہ داچن روپوش ہم — نہ چین ہم نہ ہوش ہم
جوں جوں زیادہ جوش ہم — رو رو پِٹاں پَٹ وال وال

سختی سروں ٹلدی نہیں — تدبیر کئی چلدی نہیں
جگ نال دِل رَلدی نہیں — گُل گیوم پیتاں پال پال

روندی رہیم ساری عمر — بھالی نہ سانول ہک نظر
سڑ سڑ تھیم کولے جگر — صدمے نبھا ڈکھ جال جال

برہوں دا پندھ گھٹدا نہیں — ہُسدا ہے ہاں ہُٹدا نہیں
مر کر وی جی چھُٹدا نہیں — اکرمؔ ہے غم دم نال نال

# کافی

ایہ سک نہیں سکرات ہے
آفات دی برسات ہے

برہوں دیاں بھاہیں بل گیاں     خوشیاں تمامی جل گیاں
آساں اُمیداں گل گیاں     گیا رول بے مرجات ہے

دلڑی بہوں غمناک ہے     تن من جگر جل خاک ہے
پل پل نکلدی ہاک ہے     بے دردی کیا بات ہے

لاغرض ماہی رول نہ     کر ترس ہن ٹھ بھن بھول نہ
سئیں عیب میڈے پھول نہ     ارداس نت ڈینہ رات ہے

کیتا ہجر گردان ہے     آئی لباں تیں تے جان ہے
اکرم بہوں ارمان ہے     پیندا نہ سانول جھات ہے

# کافی

درداں دی ماری میں ہُڻ کیچ ویساں
جیویں تھیسی تھیسی لگی کوں نبھیساں

میکوں جئیں دا ماڻے او جند جان ماڻے
میں کملی کوں بے شک او جاڻے نہ جاڻے
پنل کوں ڳُلیساں مریساں میں ٻاڻے
اوں منٹھار ماہی تو جندڑی گھلیساں

میݙا رب گوا ہے پنل باوفا ہے
میں اُجڑی ہاں جیکر تاں میݙی خطا ہے
ملی میکوں غفلت دی فرقت سزا ہے
میں تا دم حیاتی ودی ہتھ مَلیساں

میکوں یاس اہدی ایویں رُل کے مریسیں
تھلاں دا سفر ہے ایہ سختی نہ سریسیں
مگر آس آہدی نہ ہریوں نہ ہریسیں
میں ہرساں یا جھنڑ ساں نصیبہ پھُلیساں

بہرحال اکرم پنل کوں ڳُلیساں
جبل مارو تھل دی تلاشی کریساں
ایویں رُلدی پھردی میں پچ کیچ ویساں
پنل ݙیکھ ٹھرساں تے سک ݙکھ لہیساں

# کافی

برہوں دا بحر تار بہوں دور کنارا

چن باجھ نظر دا ہے جہان سارا اندھارا

ارمان ہے بے درد پنل پیت نہ پالی
اقرار وفا کر کے ڈُتی برہوں بھنوالی

ڈینہ رات ہکا تات نہیں تھیندا اوسارا

بابل تے سجن ویر میکوں سخت مریندے
کٹ مار ہتھوں عشق میڈا تیز کریندے

چلدا ہے میڈی جان تے نت سول دا آرا

ایمان تے دل جان امن عیش وتایم
گھربار لٹایم تے سبھو شان ونجایم

ایں جرم دی اج توڑیں سزا ڈیندے پیارا

بدنام تھیاں مفت کھلن خویش بگانے
تقدیر گھدے ویر ستم کیتے زمانے

ہر روز ہکو سوز نکا روگ نیارا

اکرم دے نہ بھن بھول وساکول وفا کر
بے درد ی بہوں کیتی ملاقات عطا کر

سر خاک جگر چاک برا حال ہے یارا

# کافی

قاصد سناویں چن کوں درداں بھری کہانی
ہے بےقرار دلڑی، آ ڈیکھ حال جانی

آکھیں اوں بے وفا کوں، ہک وار جھات پا ونج
دم ہے لباں تے باقی، چھیکڑ دا تھورا لا ونج
قدماں تے جان نکلے، سکدی ہے دل دِوانی

او قول پیت والے، ڈھولا نہیں پلیندا
ساکوں خدا ملیندے، پر تو نھویں الیندا
پا جھات جلوہ ڈیویں، تیڈی ہے مہربانی

سُکھ تے سکون گینی، نندراں حرام ہویاں
ہجراں دے حال لکھدیں، کاناں تمام ہویاں
اکرم تے ہُݨ کرم کر، مانْیں سدا جوانی

# کافی

خدارا اُے قاصد توں ونج جلدی جلدی
سجن کوں خبر ڈے گھڑی ہے اَجل دی

حکیمیں طبیبیں بہوں کیتے چارا
تھی مایوس عاشق تو کر گئے کنارا

مسیحا دے باجھوں نہیں موت ٹلدی

کہیں دے اگوں راز نہ فاش کیتم
لگا عشق خونِ جگر خوب پیتم

لگا سوز اینجھا وینداں جان گلدی

سناویں سجن کوں ایہ غم دا فسانہ
نمانے دا ویری ہے سارا زمانہ

نہ تقدیر ٹھہندی، نہ تدبیر چلدی

کریں قدمے ڈھیہ کر مناون دا چارا
متاں ترس کھا درس ڈیوے پیارا

متاں ہووے ماری ہوئی سیت ولدی

کریں عرض سوہنا سجن پھیرا پا ونج
خدا کیتے ہک وار آ منہ ڈکھا ونج

زہر آ پلا جے نہوی لاج پلدی

بھلا تھیوی قاصد کریں ایہ بھلائی
گھدی نال آویں منائی ٹھہائی
متاں کل دا آکھے نہیں آس پل دی
ہن اکرم دعائیں فتح نال آویں
مداییں دا نکھڑیا سجنڑ آ ملاویں
تیڈے بختیں ڈیکھاں شکل ول پنل دی

CamScanner

# نازدی بارش

سجنڑ سکھدا آندے وفا ہولے ہولے
اثر پئی کریندی دعا ہولے ہولے

صنم ویڑھے آیا خدا جانڑے کیویں
میں آکھیا مسیحا جوایا ہئی کیویں
آکھیس عرش تے نہ چڑھا ہولے ہولے

میں آکھیا سجنڑ جامِ اُلفت پلا چا
سہا سیجھ میکوں سکندر بنڑا چا
آکھیس نہ حکومت چلا ہولے ہولے

میں آکھیا بنڑا یار دربان در دا
ایہو ہے دوا میڈے دردِ جگر دا
آکھیس ویڑھ آیو قضا ہولے ہولے

میں آکھیا سجنڑ میں جدائی نہ سرساں
خدا دی قسم خود زہر کھاتے مرساں
آکھیس ماربرہوں دی کھا ہولے ہولے

میں آکھیا تیڈے ناں تو جندڑی وتایم
سروں دین دنیا کوں دل تو بھلایم
آکھیس اینجھاں منتاں نہ لا ہولے ہولے

میں آکھیا کیہیں کوں ستاونڑ گنا ہے
سدا سکدی دل کوں سکاونڑ گنا ہے
آکھیس ناز دشمن نبھا ہولے ہولے

میں آکھیا مجالے شہر چھوڑ ویساں۔
وکارا ستم دا حشر توڑ ڈیساں
آکھیس آیو گا کھیں دا ڈاہولے ہولے

میں آکھیا کرم کر چاتِک یار جانی
شرابے، شبابے تے شب ہے سہانی
آکھیس نہ تھی ہولا اُلا ہولے ہولے

میں آکھیا زمانے دے وچ حورتوں ہیں
حسیں، مہ جبیں، نازنیں، نورتوں ہیں
آکھیس آکھ یہ سیں خدا ہولے ہولے

کیتم عرض اکرؔم قہر تو بچا گھن
خدا واسطے رُخ تو زلفاں ہٹا گھن
ہٹی زلف جند تھئی جدا ہولے ہولے

# نعت

مصطفےٰ کی معرفت، بولہب نے جانی نہیں
اللہ اللہ آپ کا سایہ نہیں، ثانی نہیں
باعثِ تکوینِ عالم صاحبِ لولاک ہیں
"ورفعنا لک ذکرک" قول انسانی نہیں
ذاتِ احمدؐ ہے کلیدِ "کنتُ کنزاً مخفیاً"
آپ ہیں سلطان عالم سلطنت فانی نہیں
عشقِ احمدؐ سے تہی ہیں عالمانِ ناسپاس
عبد جانا عبدہٗ کی رمز پہچانی نہیں
واقعہءِ معراج اکرمؐ غلبہ ہے اسلامؐ کا
خواب کہنے والوں کی تفسیر ایمانی نہیں

# حصہ اردو



CamScanner

# گوشہ نشین درویش

عمر کمال خان ملتان

علم وعروض شاعری کی جان ہے۔ شعر جب تک علم عروض کے مطابق اپنے وزن میں نہ ہو تو شعر نہیں کہلاتا۔ آج کل کے شعراء کی توجہ اس فن کی طرف بے حد کم ہے جس کی وجہ سے آج کی شاعری کو بقائے دوام حاصل نہیں ہو سکتی۔ چونکہ یہ محنت طلب فن ہے اس لئے نہ کوئی سیکھنے کا شوق رکھتا ہے نہ ہی کوئی سکھانے والا عروض دان ادبی دنیا میں نظر آتا ہے۔ شاید چند لوگ کہیں کونے کھدرے میں موجود ہوں اور ناقدر شناسی کے شکار ہوں۔ ہمیں بھی علم عروض کا ماہر فن عالم ایک دور اُفتادہ قصبہ میں اچانک ہی دریافت ہوا ہے۔ ہمارے ایک مہربان جناب منظور احمد آفاقی جو ڈیرہ غازیخان کے ایک دور اُفتادہ قصبہ نوتک مہمید کے رہنے والے ہیں اور مولانا محمد عبدالرشید نسیم طالوت مرحوم کے نواسے ہیں۔ انکی زبانی ڈیرہ غازیخان کے ایک گمنام عالم جو کہ ایک دور اُفتادہ گاؤں میں ناقدر شناسی کا شکار فالج زدہ بے بسی کی زندگی گزار رہے ہیں کا تعارف ہوا میری مراد محمد اکرم شاہ قریشی ایک جلیل القدر علمی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ جہاں دیگر علوم عقلی و نقلی پر کامل قدرت رکھتے ہیں وہاں وہ علم عروض پر بھی مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ علم عروض معہ دیگر تمام علوم انہوں نے اپنے والد بزرگوار علامہ حافظ پیر غلام رسول شاہ قریشی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ مرحوم سے حاصل کئے جو اپنے دور کے ایک نابغہ روزگار عالم باعمل تھے۔ جنہوں نے ایک دور دراز علاقہ میں علم و عمل کی جوت جگائی ہوئی تھی جس کی ضوفشانی سے انکے دور میں ہر طرف علم و عرفان کی روشنی پھیلی ہوئی تھی۔ جس کی روشنی سے پاکستان کے دیگر علاقوں کے لوگ محروم رہے انکے جانشین اور علمی میراث کے وارث جناب محمد اکرم شاہ قریشی سے جب منظور احمد آفاقی صاحب کی معرفت

تعارف ہوا تو ان سے نیاز مندی کا رابطہ بذریعہ خط و کتابت قائم ہو گیا انہوں نے بزم ثقافت ملتان کے ساتھ بھر پور علمی تعاون کا وعدہ فرمایا اور ابتدائی علمی خدمت سرانجام دینے کے لئے سال گزشتہ اپنا علم عروض پر ایک تعارفی رسالہ اشاعت کے لئے ہمارے سپرد کیا جس کو ہم نے انکی حسب فرمائش شائع کر دیا ہے۔ جس کو علمی دنیا میں بے حد پسند کیا گیا ہے۔ انہی دنوں انہوں نے اپنی موجودہ تصنیف ''اوزان فرید'' کا حق اشاعت بھی بزم ثقافت ملتان کو عطا کر کے ہماری مزید سرپرستی فرمائی۔ اوزان فرید بالکل نئے موضوع پر ایک اعلیٰ اچھوتی علمی کاوش ہے۔ خواجہ فرید کے کلام کو علم عروض کے اصولوں پر پرکھنا ایک اعلیٰ اَدق محنت طلب کام ہے۔ میری تحقیق کے مطابق کلام فرید پر یہ تحقیقی کوشش پہلی بھرپور کاوش ہے۔ اس موضوع پر نہ خواجہ صاحب کی زندگی میں کسی نے کام کیا نہ انکے بعد حالانکہ انکو پردہ فرمائے ہوئے سو سال سے زائد عرصہ ہو گیا ہے۔ خواجہ غلام فرید علیہ رحمت الہامی شاعر تھے لیکن اسکے ساتھ علم عروض کے بادشاہ تھے۔ فن عروض کے اصولوں کے مطابق انکے کلام پر تبصرہ ماہر علم عروض ہی کر سکتا ہے۔ اب اس علم کے ماہرین ناپید ہو چکے ہیں جو چند باقی ہیں۔ ان میں ہمارے ممدوح محمد اکرم قریشی صاحب سرفہرست ہیں۔ بزم ثقافت انکی اس پسندیدہ قابل پزیرائی تصنیف کو ایک منفرد اور یکتا تصنیف سمجھتے ہوئے قارئین کی خدمت میں شائع کر کے پیش کر رہا ہے امید واثق ہے کہ اس تصنیف کی اشاعت سے ہمارے ممدوح جناب محمد اکرم قریشی صاحب کا تعارف ایک عالم کے طور پر پاکستان کی وسیع علمی دنیا میں ضرور ہوا اور آئندہ اس گوشہ نشین درویش صفت شخص کی علمی دنیا میں صحیح پزیرائی ہوگی۔ اس تصنیف کی اشاعت بھی حکومت پنجاب کے محکمہ اطلاعات ثقافت و امور نوجوانان کی مالی اعانت سے ہوئی ہے انکا بے حد شکریہ۔

ازا تحریر عمر کمال خان

صدر بزم ثقافت، ملتان 10 جنوری 2006

# اکرم قریشی ایک جیّد عالم

## پروفیسر اصغر علی شاہ، ملتان

تمام دواوین خواجہ غلام فریدؒ میں بے شمار اغلاط ہیں۔ اور ان کی اصلاح نہایت ضروری ہے خواہ اس کے لئے ماہرین دواوین خواجہ غلام فریدؒ کی ایک کمیٹی ہی کیوں نہ بنانی پڑے۔ لیکن اس سے پہلے کہ یہ کمیٹی وجود میں آتی اور تمام دواوین کو اکٹھا کر کے ان کی اصلاح کرتی اللہ تعالیٰ بذات خود مسبب الاسباب بنے اور یہ سعادت فرد واحد جناب اکرم قریشی ساکن مانہ احمدانی کو حاصل ہوئی کہ انہوں نے نہ صرف خواجہ غلام فرید کے دیوان کی اغلاط کی درستی فرمائی بلکہ ہر کافی کے ہر مصرع کا وزن بھی بتایا ساتھ ہی یہ وضاحت فرمائی کہ کونسا مصرع بحر متقارب میں ہے کون سا بحر متدارک میں اور کونسا بحر فرید میں ہے۔

اس سے پہلے کہ ہم موصوف کی مہارت علم عروض پر بحث کریں ضروری ہے کہ اس جیدعالم کے چند کوائف بھی بیان میں لائے جائیں۔

جناب اکرم قریشی کے والد کا اسم گرامی علامہ حافظ غلام رسول شاہ قریشی ہاشمی ہے۔ جو علم عروض اردو فارسی عربی اور سرائیکی کے ماہر تھے انہیں ان سے علوم کا اکتساب ان کے اس لائق فرزند نے کیا اکرم قریشی صاحب درس نظامی عالم فارسی اور میٹرک تک تعلیم یافتہ ہیں ویٹرنری اسسٹنٹ کا ڈپلومہ بھی انہوں نے حاصل کیا ہوا ہے۔ جانوروں کے علاج کے بھی ماہر ہیں۔ لیکن انہوں نے مانہ احمدانی سے اجرء دبستان عروض تشکیل کیا بزم اکرم نے دیوان فرید کو عروض پر از سر نو مرتب کیا۔ اور اس خدمت کے عوض

خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ متولی مزار خواجہ غلام فرید" سے انعام حاصل کیا نیز پاسبان فرید کا خطاب بھی انہیں ملا۔

بہت سے حضرات نے خواجہ غلام فریدؒ کے دواوین کو مرتب کیا مگر کسی نے بھی مکمل سنجیدگی کے ساتھ یہ کام نہیں کیا۔ یا تو کافیوں کو نقل کرتے ہوئے ان سے اغلاط ہوئیں کیونکہ وہ خود علم عروض کے ماہر نہ تھے یا پھر کاتب حضرات نے مصرعوں کو کچھ سے کچھ بنادیا۔ اور پروف ریڈنگ نہ ہونے کے سبب یا اس میں بے احتیاطی کی وجہ سے اغلاط کی بھرمار ہوئی۔

ایں سعادت بزور بازو نیست تانہ بخشند خدائے بخشندہ اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت جناب اکرم قریشی کے نصیب میں تحریر فرمائی تھی چنانچہ انہوں نے اولاً تمام دواوین خواجہ غلام فریدؒ کو جمع کیا ثانیاً ان کا بغور مطالعہ کیا جس جس مصرع میں غلطی تھی اسے تقابل کے ذریعے یا اپنی حس شاعری کو استعمال کرتے ہوئے درست کیا غلط مصرع بھی لکھ دیا اور درست کردہ مصرع بھی لیکن اس سے زیادہ دشوار اور جانکاہ کام ہر مصرع کی تقطیع تھی، یہ کام نہایت غیر دلچسپ تھا لیکن اکرم قریشی صاحب اس مشکل ترین مرحلے سے بھی گزر گئے ہر کافی کے ہر مصرع کی تقطیع انہوں نے کر دکھائی، کیونکہ مکمل طور پر زحافات و علل فن عروض کے ماہر تھے اس لئے ہر مصرع پر مصرع کی بحر کا نام اور اس میں وقوع پزیر ہونے والے زحافات و علل کا ذکر بھی ساتھ ہی کر دیا۔ یہ بھی بتایا کہ مصرع بحر متقارب میں ہے، بحر متدارک میں ہے یا بحر فرید میں۔

سرائیکی پنجابی، پھوٹواری، کشمیری، گجراتی، راجھستانی ہندی سنسکرت اور ان سے متعلقہ دوسری زبانیں اپنا فن عروض اور بحور رکھتی ہیں جنہیں پنگل اور چھند کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ان بحور میں وزن موسیقی کے ماتروں کو مدنظر رکھ کر بنایا جاتا ہے۔ اس کو فارسی اردو عروض میں منتقل کیا جائے تو ہر کافی کے ہر مصرع کا وزن مختلف ہو جاتا ہے۔

لیکن موسیقی کے ماتروں پر پورا اترتا ہے اکرم قریشی صاحب۔نے ہر مصرع کا وزن بتا کر نیز زحافات وعلل کو تحریر میں لا کر نہایت اہم کام سرانجام دیا ہے۔جسے سراہنے کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں علم عروض سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اس کی پرسنشا (مدح) کیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔عمر کمال خان صدر بزم ثقافت نے اس جوہر قابل کو ڈھونڈا اور انکی اس بے بہا تصنیف کو شائع کیا۔

یہ کام صدیوں میں بھی نہ ہو سکتا اگر بزم ثقافت اسکا بیڑہ نہ اُٹھاتی۔

# محمد اکرم قریشی مرحوم و مغفور

علامہ منظور آفاقیؔ

ایک دن دلبر حسین مولائی نے مانہ احمدانی کے ایک ادیب و شاعر محمد اکرم قریشی کا تذکرہ کیا جو ان کے استاد تھے اور علم عروض پر اچھا خاصا عبور رکھتے تھے اشتیاق پیدا ہوا کہ اس عظیم شخصیت سے ملاقات کی جائے۔

2001ء میں میں نے اپنے بیٹے محمد عبدالغفور آفاقی کو مانہ احمدانی کے عشرت اسکول میں داخل کرایا تھا اسے اسکول تک چھوڑنے اور واپس لانے کے لئے کبھی کبھی مجھے خود جانا پڑتا تھا۔ اس آمد و رفت کے دوران ایک شخص پر نظر پڑتی تھی جو کتابوں کے جھرمٹ میں بیٹھا مطالعے میں محو ہوتا تھا۔ اس کے بسیرے پر ''سرائیکی اسکول'' کا بورڈ بھی لگا ہوتا تھا۔ ایک دن میں یونہی اس شخص سے ملاقات کے لئے اس کے پاس جا بیٹھا۔ علیک سلیک اور تعارف کے بعد معلوم ہوا کہ یہی شخصیت ہی محمد اکرم قریشی ہے۔ ان سے ربط بڑھا تو ''دیوان فرید'' کی ترتیب اور اس میں پائی جانے والی کتابت کی غلطیوں پر بحث ہونے لگی۔ میں مولانا عزیز الرحمٰن مرحوم کے مرتب کردہ ''دیوان فرید'' کے نسخے کو مستند سمجھتا تھا لیکن قریشی صاحب کی صحبت سے یہ اعتقاد متزلزل ہونے لگا۔

جنوری 2002ء میں قریشی صاحب مجھے خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ تعالیٰ کے یوم ولادت کی تقریب کے موقع پر کوٹ مٹھن شریف لے گئے۔ میرے آباؤ اجداد کا روحانی تعلق خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تھا۔ اور میرے جد امجد علامہ طالوت رحمۃ اللہ تعالیٰ نے بھی ''دیوان فرید'' پر کام کیا تھا اس مناسبت سے خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ صاحب سجادہ نشین کوٹ مٹھن شریف نے خوب آؤ بھگت کی۔ تقریب سے واپسی پر اللہ تعالیٰ

نے میرے دل میں خیال ڈالا کہ ''دیوان فرید'' پر کام کرنا چاہیئے ۔ چنانچہ میں نے قریشی صاحب کے مشورے سے ''کلید فرید'' مرتب کرنا شروع کر دی ۔ کام کا آغاز 15 ذوالحجہ 1422ھ/28 فروری 2002ء کو ہوا اور اختتام 14 رجب 1424ھ/12 ستمبر 2003ء کو ۔ اس طویل اور تھکا دینے والے کام میں قریشی صاحب نے میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا مجھے بار بار ان کی خدمت میں حاضر ہونا پڑتا ۔ الفاظ کی تصحیح میں مغز ماری کرنی پڑتی، وزن شعر کو میزان عروض میں تولنا پڑتا، غرض بال کی کھال اُتارتے اُتارتے میں تو اُکتا جاتا لیکن کیا مجال کہ قریشی صاحب کی جبین پر کبھی کوئی شکن پڑی ہو یا ماتھے پر کوئی بل آیا ہو، کبھی کبھی میری زبان پر یہ الفاظ بھی آجاتے تھے کہ میں آپ کو تنگ کرنے کے لئے پھر آ گیا ہوں لیکن ان کا جواب ہر بار یہی ہوتا کہ مجھے تنگی نہیں بلکہ خوشی ہوتی ہے۔ قصہ مختصر قریشی صاحب کی رہنمائی میں ''کلید فرید'' کا کام پایہ تکمیل تک پہنچا ۔ اگر مجھے ان کا تعاون حاصل نہ ہوتا تو میں اکیلے اس کام کو کرنے کے قابل نہیں تھا ۔ قریشی صاحب بہت سی خوبیوں کے مالک تھے خصوصاً علم عروض میں اچھی خاصی مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے مجھے جس دن ''برہوں'' اور ''برھوں'' کا فرق سمجھایا تو میں ان کی عروض دانی پر عش عش کر اُٹھا کیونکہ ان دونوں لفظوں میں جو باریک سا فرق ہے اسے عام پڑھے لکھے لوگ تو کجا ادیب اور شاعر حضرات بھی بڑی مشکل سے سمجھ سکتے ہیں چونکہ ''دیوان فرید'' کی کتابت کرنے والے افراد اس مسئلے کا علم نہیں رکھتے تھے اس لئے وہ دیوان میں تقریباً تمام مقامات پر ''برہوں'' ہی لکھتے چلے گئے اور ''برھوں'' کو چھیڑا تک نہیں ۔ میں نے ان دونوں لفظوں کے فرق پر ''کلید فرید'' جلد اول کے صفحہ نمبر 43 پر تھوڑی سی روشنی ڈالی ہے، مناسب ہوگا کہ اس پر ایک نظر ڈال دیں۔

قریشی صاحب کی ادبی خدمات بہت زیادہ ہیں ۔ انہوں نے اپنے قلم اور زبان سے سرائیکی زبان کی بڑی خدمت کی ہے ۔ وہ اپنی بساط کے مطابق رسائل اور

پمفلٹ وغیرہ چھپواتے رہے تھے اور اپنا کلام بھی مرتب کر گئے تھے ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کے شاگردان کے سارے کام کو یکجا کر کے ''کلیات'' کی شکل میں شائع کرائیں۔ یہ علم وادب کی ایک بہت بڑی خدمت ہوگی۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ قریشی صاحب کی مغفرت کرے اور ان پر اپنے رحم وکرم کی برکھا برسائے۔

ع آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے۔

آمین

راقم الحروف: منظور احمد آفاقی نوتک محمید

تحصیل وضلع ڈیرہ غازیخان

موبائل نمبر:0302-7901939

# کلام فرید کا خدائی محافظ (استاد محمد اکرم قریشی)

مجاہد جتوئی خان پور ضلع رحیم یار خان

بات آج سے تقریباً 36 برس پہلے کی ہے کہ ہم نے خانپور میں ''بزمِ یارانِ سرائیکی'' بنائی اور اس لئے ''طرحی مشاعرہ'' تجویز کیا۔ اِدھر اُدھر سے کچھ شعراء نے اپنی نگارشات ارسال کیں، انہی میں سے ایک کافی استاد محمد اکرم قریشی کی تھی جس نے مشاعرہ کے منصفین کی توجہ حاصل کر لی اور اسے پہلے انعام کا حقدار قرار دیا گیا۔ یہ استاد اکرم قریشی سے ہمارا پہلا فاصلاتی تعارف تھا۔ پھر غمِ روزگار دور دیس لے گیا جو یارانِ وطن ہمیں یاد نہ رہے ان میں قریشی صاحب بھی شامل تھے۔ نوّے کے دہائی میں جب ہم وطن آئے تو کچھ دوستوں نے کہہ کہلوا کر معروف ادیب جناب قیس فریدی سے دیوان فرید مرتب کرایا۔ دیوان کا چھپ کر مارکیٹ میں آنا تھا کہ ایک بھونچال آ گیا۔ گردشِ دوراں تو ہمیں ایک مرتبہ پھر دور دیس لے گئی لیکن وہاں بیٹھے بھی سنتے رہے کہ کسی نے قیس فریدی صاحب کو ''کلام فرید میں تحریف کا ملزم'' قرار دے کر ایک عدالت لگائی ہے اور وہاں مقدمے کی کاروائی جاری ہے۔ ظاہر ہے کہ ہم خانپور کے تھے اور ان لوگوں میں سے تھے جو قیس فریدی کے کیمپ سے تعلق رکھتے تھے لہٰذا ہم ''ملزم'' کا جواب دعویٰ تو دلچسپی سے پڑھتے رہے جو ''روزنامہ جھوک اور ماہنامہ عصائے کلیم'' میں شائع ہوتا رہا لیکن ہم نے استغاثہ پر کبھی توجہ نہ دی کہ آخر ''مقدمہ'' کس بنیاد پر چلایا جا رہا ہے اور مقدمہ کا مدعی کون ہے؟۔۔۔

ہمارا تعصب اور محدود تعلق ہمیں استغاثہ سے دور رکھے ہوئے تھا۔ 2003ء یا 2004ء وہ وقت ہے جب ہم نے خود فریدیات کی طرف توجہ دی اور سارے سرمایہ پر نظر ڈالی تو ''دعویٰ جواب دعویٰ'' دونوں دیکھے، یہ مقدمہ کیا تھا، یہ تو ایک جنگ تھی۔ ایک

ایک مصرعے، لفظ، حرف، زیر، زبر، پیش، شد، مد، جزم، پر قتال و رزم کی کیفیت تھی۔ دونوں سپاہی جان ہتھیلی پر رکھے ہوئے آخری سانس تک لڑنے کا عزم رکھتے تھے۔ مسئلہ تو علمی تھا، تنقید کا تھا، دونوں فریق سکون سے اپنی اپنی بات کہہ سکتے تھے لیکن یہاں تو علم پر ''انا'' اور اپنے اپنے مؤقف سے اخلاص دونوں طرف غالب تھے۔ یہ استاد اکرم قریشی کے ساتھ ہمارے پرانے تعلق کی تجدید تھی جن کے علمی طلسم خانے نے ہمیں ششدر کر دیا لیکن سب سے بڑھ کر ان کا حضرت خواجہ غلام فریدؒ کی ذات سے قلبی، روحانی، علمی اور ادبی عشق تھا جس پر ہم نے سجادہ نشین دربار فریدؒ خواجہ معین الدین محبوب سے کہا بلاشبہ آپ خواجہ سرکار سے نسبتی تعلق کی بنا پر محترم ہیں لیکن آپ کا وقار، اعتبار تب مسلم ہوگا جب آپ کو ماہرین فریدیات کا قرب و قبولیت حاصل ہوگی کیونکہ یہی تو ہیں جو خواجہ فریدؒ کے فکری وارث ہیں اور خواجہ فریدؒ بھی تو ایک فکر کا نام ہے۔ انہوں نے فرمایا ''بسر و چشم ہم نے ایسے تمام معتبر حضرات کی چوکھٹ چومی ہے جنہوں نے فکر فریدؒ کو سنبھالنے، اجالنے، میں عمریں اور آنکھیں صَرف کی ہیں۔ اس طرح ہم نے ''فریدیات کے قطب مینار'' استاد اکرم قریشی کے دروازے پر مانہ احمدانی میں حاضری دی____ لیکن____ ہائے! کاش یہ حاضری نہ ہوئی ہوتی____ کیا واماندگی، بے بسی، بے کسی، لاچارگی اور محرومی تھی____ تنگ و تاریک طویل اور گندگی سے اٹی گلی کی آخری نکڑ پر گھر، موسموں کی شدت کو بڑھانے بلکہ بھڑ کانے والی چند فٹ کی چھوٹی سی کوٹھڑی، ساٹھ (60) کے قریب عمر، ایک ہاتھ، ایک ٹانگ شل، زبان لکنت کی گرفت میں اور پورا ماحول غربت، وحشت کی قید میں____ آج دربار فرید کا سجادہ ان کے سلام کو آیا تھا، ان کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ وہ بار بار اپنی اولاد کی طرف دیکھ رہے تھے بلکہ چچری زبان سے کہہ رہے تھے کہ ''دیکھو____ مجھے بوجھ اور ناکارہ لاش سمجھنے والو____ دیکھو! آج میری زندگی کی قیمت لگی ہے۔''



CamScanner

زخمیں توں پٹیاں کھول سٹاں

سٹاں گودڑی تے کشکول سٹاں

میڈے ہتھ ارشد کہنات ہووے

تیڈے نقش قدم توں گھول سٹاں

دیکھو! آج فریدؒ بادشاہ اپنے ایک فقیر کے دروازے پر آئے ہیں۔ سر پہ چار خانے وال رومال، گلے میں سادہ کُرتا، تہبد، پاس پڑی ہاتھ کی چھڑی لیکن جسم حرکت سے عاری __ یہ تھا کلام فرید کا خدائی محافظ استاد اکرم قریشی _____

ہم نے عرض کی ''سائیں سجادہ صاحب کو نذر تو پیش کریں'' استاد اکرم قریشی نے سمجھا کہ شاید ہم ان سے مخاطب ہیں، ان کا رنگ فق ہو گیا _____ وہاں دینے کو جان کے سوا کیا تھا _____ ہماری بات کو سمجھتے ہوئے خواجہ معین الدین محبوب سائیں نے استاد اکرم قریشی کی خدمت میں نذر پیش کی _____ یوں لگا جیسے استاد اکرم قریشی کا مفلوج جسم ہوا میں بلند ہو گیا ہو _____ ہم نے عرض کی ''جناب اصل سجادگان تو آپ ادیب لوگ ہیں، یہ تو نسبت کے حوالے سے محترم ہیں۔ سرکار فریدؒ کے کلام پر جان تو آپ لوگوں نے لٹائی ہے۔'' _____ جسمانی حالت تو جناب اسماعیل احمدانی کی بھی اچھی نہ تھی لیکن یہاں تو سانس حلق میں اٹکی ہوئی تھی _

یہ ملاقات مسیحا و بیمار کی ملاقات تھی ''قم باذن اللہ'' والا معاملا ہوا۔ استاد اکرم قریشی کے اندر ایک طوفان برپا ہو گیا۔ فیض و عطا کا ایک سیلاب بہ نکلا۔ آپ ہر روز کچھ نہ کچھ خواجہ فریدؒ لائبریری اور میوزیم کیلئے بھجوانے لگے کتابیں، کتابچے، مخطوطات، دستاویزات، نقشہ جات، شجرہ ہائے نسب، شعراء کے احوال، خطے کی تاریخ _____ ہر چیز منظم، مرتب آنے والے کل کی علمی، تحقیقی ضرورتوں کو مد نظر رکھ کر ترتیب دی ہوئی _____

شروع میں یوں کرتے کہ مشلول ہاتھ کی انگلیوں سے قلم باندھتے اور دوسرے

ہاتھ سے اس ہاتھ کو پکڑ کر لکھتے لیکن ان کے شاگرد دلبر مولائی وغیرہ ان کے ہاتھ بن گئے۔ان کی ارسال کردہ کتب اور مکاتیب کے پہلے قاری ہم خود تھے۔ہم نے کہا''استاد آپ اپنے قلم کو جلاد کی تلوار کی بجائے جراح کے نشتر اور طبیب کے مرہم کے طور پر کیوں استعمال نہیں کرتے _____؟''

آپ کی تنقید شاعروں کی روح تک چھید ڈالتی ہے۔ان کا جواب ہوتا تھا ''دراصل ہماری روحوں تک میں جہالت کا سرطان پھیلا ہوا ہے جسے مرہم کی نہیں نشتر کی ضرورت ہے۔'' ان کے دل میں کسی کی ذات کیلئے عداوت و کدورت نہ تھی۔ ہمارے والدِ محترم جناب مرید حسین رازؔ جتوئی وسیب کیلئے اپنی طویل جدوجہد کی وجہ سے ان کی ممدوح شخصیات میں سے رہے ہیں اور والدِ محترم نے بھی استاد اکرم قریشی کی زندگی کے آخری سانس تک ان کے بوجھ میں بقدرِ اشکِ بلبل اپنے کاندھوں پر اٹھائے رکھا ہے _____

بالآخر استاد اکرم قریشی کی طرف سے ایک ''مستند دیوان فریدؒ'' آیا جس پر خواجہ فریدؒ فاؤنڈیشن اور خواجہ معین الدین محبوب سائیں کی طرف سے انہیں ''خواجہ فریدؒ ایوارڈ'' دیا گیا۔ اس کیلئے استاد کوٹ مٹھن تک کیسے پہنچے _ _ _ _ _ _ خدا معلوم _____ البتہ بس اڈے سے ان کے تختے جیسے جسم کو گاڑی میں رکھ کر قصرِ فرید میں ہم لائے تھے _____

خواجہ فرید لائبریری و میوزیم کو دیکھ کر ان پر سرمستی و سرشاری طاری ہوتی تھی، بار بار کہہ رہے تھے۔

بلھے شاہ اساں مرناں ناہیں۔ بلھے شاہ اساں مرناں ناہیں۔ بلھے شاہ ___ ان کے مرتب کردہ ''مستند دیوان فرید'' کی استناد پر سب سے پہلے ہم نے ہی اعتراض کیا تھا۔ ہمارا خیال تھا کہ جب ہم ان کی روحانی خوشی اور جسمانی آسودگی کیلئے کچھ نہ کچھ کرتے آئے ہیں اور کر بھی رہے ہیں تو وہ شاید ہم پر ''ہاتھ ہولا'' رکھیں گے _____ لیکن نہیں _____ آفریں تجھ پر اے کلام فریدؒ کے خدائی

محافظ ____ تو نے ادب کو تعلق پر قربان نہیں کیا۔ تو سلطان ادب اور خواجہ فریدؒ سرکار کے سامنے سرخرو ہوا ____ استاد اکرم قریشی نے اپنے لکھے کا دفاع کیا، ہمارے استدلال کو ہذیان سے رد کیا۔ مسئلہ ان کی ذات کا نہ تھا۔ ادب کا تھا، خواجہ فریدؒ کا تھا ____ اسی مسئلے پر وہ پنجابی ادبی بورڈ کے آصف خان سے لڑ گئے۔ خواجہ طاہر محمود کوریجہ پر تلوار نکال لی۔ قیس فریدی کے ساتھ لہولہان ہو گئے تو پھر ہم کس شمار قطار میں تھے ____ وہ ہم سے بھی بھڑ گئے ____ لیکن خواجہ فریدؒ لائبریری اور میوزیم کیلئے فیض وعطا کا دروازہ بند نہ کیا ____

البتہ اداکاراؤں کی پاؤں کی موچ اور لباس کی شکن پر خبریں شائع کرنے والے اخبارات نے ان پر اپنے دروازے ضرور بند کررکھے تھے۔ کچھ کوتاہی تو ہماری بھی تھی کہ دیوان فرید پر اپنے تحقیقی کام پر توجہ مرکوز رکھنے کیلئے ہم نے دھاڑتے، چنگھاڑتے، مایوسیاں پھیلاتے ہوئے بدخبری کو اپنی ''وِکری میں ودھارا'' بنانے والے اخبارات کا مطالعہ چھوڑ رکھا تھا ____ بعد میں شاید ایک ماہ بعد معلوم ہوا کہ کئی کلیجوں میں ٹھنڈ پڑ گئی ہے۔ ادب کی گلیوں میں ''جاگتے رہنا'' کہنے والا خود سو گیا ہے۔ آج جس کا جی چاہے ''ماہر فریدیات'' بن جائے ____ کون روکے گا ____ ؟ کلام فرید کا خدائی، محافظ استاد اکرم قریشی تو سرکار فریدؒ کے پاس جا چکا ہے۔

مجاہد جتوئی

خانپور ماڈل ٹاؤن بی 64100

0301-3948123

CamScanner

# محمد اکرم قریشی کی شخصیت اور ان کا تنقیدی کام

﴿جاوید احسن ڈیرہ غازیخان﴾

معروف سرائیکی شاعر و ادیب ماہر فریدیات اور عروض دان نقاد محمد اکرم قریشی ڈیرہ غازیخان کے نواحی قصبہ مانہ احمدانی کے سپوت اور مقامی قریشی خاندان کے چشم و چراغ تھے وہ 27 دسمبر 1939ء کو ممتاز عالم دین مولوی حافظ غلام رسول شاہ قریشی الہاشمی کے ہاں پیدا ہوئے۔ دینی تعلیم درس نظامی تک اپنے والد گرامی سے حاصل کی۔ اس طرح فارسی شعر و ادب کی معروف کتب گلستان بوستان سکندر نامہ اور مثنوی یوسف زلیخہ کے ساتھ علم عروض بھی اپنے فاضل والد گرامی سے پڑھا۔ جبکہ دنیاوی تعلیم ایک مڈل سکول مانہ احمدانی سے حاصل کی۔ 1956ء میں مڈل کرنے کے بعد 1961ء میں منشی فاضل کی سند حاصل کی بعد ازاں بطور پرائیویٹ طالب علم 1963ء میں میٹرک کی۔ اس وقت معروف سرائیکی شاعر اور مصنف محمد رمضان طالب اس سکول میں مدرس تھے اور طلبہ کو انگریزی کا مضمون پڑھاتے تھے۔ محمد اکرم قریشی صاحب میٹرک کی انگریزی ان سے پڑھتے تھے اور انکی صحبت سے شاعری کا ذوق بھی حاصل کیا مگر بقول شاعر

ہائے مجبوریاں محبت کی
جو کرنا تھا وہ کیا میں نے

چنانچہ میٹرک کے بعد حصول روزگار کے لئے امور حیوانات کا تربیتی کورس کر کے اس محکمہ میں بطور سٹاک اسسٹنٹ ملازم ہو گئے اور پھر عمر عزیز مختلف وٹرنری سنٹروں میں علاج معالجہ میں گزار دی یہ ملازمت آپ کی علمیت اور شاعرانہ طبعی اُفتاد کے یکسر خلاف تھی مگر روزگار

کی مجبوریوں نے متبادل راستہ نہ دیا بقول شاعر

ع ملازمت کی خجالت بہت بڑی شے ہے

یہ زندگی کی ضرورت بہت بڑی شے ہے

آخر 1995ء میں ریٹائر ہو کر اپنی بقیہ زندگی سرائیکی شعر و ادب کے لئے وقف کر دی خوش قسمتی سے سرائیکی آپ کی مادری زبان تھی۔ علاوہ ازیں وہ اردو اور فارسی زبان و ادب سے بھی بہرور تھے جس کی وجہ سے مانہ احمدانی میں ان کا وجود اہل ادب کے لئے انتہائی قابل توجہ اور مفید تھا۔ ہر چند ہر قصبہ شعر و ادب کے مراکز سے کافی دور تھا اور وہاں بیٹھ کر اپنے کام کو وسعت دینا انتہائی مشکل تھا۔ تاہم اس ماحول میں شعر ادب کی شمع جلانا اور قلمی معرکوں میں حصہ لینا مرحوم کا ایک ایسا کارنامہ ہے جسے سرائیکی ادب کی تاریخ کبھی نظر انداز نہیں کر سکتی۔ اپنی ادبی تنظیم بزم اکرم کو ایک درسگاہ کا درجہ دیتے ہوئے بہت سے نوجوان شاعروں کی فنی تربیت کا آغاز کیا اور جگ مشہور سرائیکی شعراء کو بھی فنی آداب سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے شعری مجموعوں پر زبردست تنقید کی۔ جس سے پہلی مرتبہ سرائیکی شعراء کو فن شاعری اور عروض کی اہمیت کا احساس ہوا اور اس طرح سرائیکی شاعری میں تک بندی کی بجائے وزن اور آہنگ کی سچائی کو تسلیم کیا گیا۔ موصوف نے جن معروف شعراء کے مجموعوں پر عالمانہ تنقید و اصلاح کی اس کی مختصر فہرست حسب ذیل ہے۔

معروف سرائیکی شاعر احمد خان طارق کے مجموعہ "متاں مال ولے" پر "شالا ہوش ولے" کے عنوان سے بھرپور تنقید کی اور ان کی فکری اور فنی خامیوں کو اجاگر کر کے اصلاح شعری بھی کی معروف اردو سرائیکی شاعر اعجاز ڈیروی کے سرائیکی مجموعے "کلھیپا" پر "گرم کچاری" کے عنوان سے تنقید کی اور شاعر کو اس کی فکری و فنی غلطیوں سے آگاہ کیا۔ استاد شاعر سرور کربلائی کے دیوان "سجھ دا سینہ" پر "داغ داغ سینہ" کے عنوان سے تنقید کی اور زبان و بیان کے

ساتھ مل کر دلن کے اغلاط کی بھی نشاندہی کی۔ اسی طرح انہوں نے قیس فریدی (آ م شام) شفقت بزدار (مصیوے) سفیر لاشاری (وہ پرے) فیض بلوچ (اکرس) سعید ارشد (انگل) پروفیسر شکیل پتافی (اکھ بے خواب عذاب) سرائیکی کے نامور شعرا کے کلام پر انگلی اُٹھانا اور اس بے باکی سے غلطیوں کی نشاندہی کرنا اکرم قریشی مرحوم جیسی مضبوط شخصیت کا کام تھا۔ جو انہوں نے سرائیکی شاعری کے روشن مستقبل کے لئے بلا خوف و خطر انجام دیا۔

ان تنقیدی معرکوں کے علاوہ مرحوم کا ایک اہم کارنامہ "دیوان فرید کے متن کی صحت اور اوزان فرید پر تحقیقی کام ہے۔ جو فریدیات" کی شخصیت اور شاعری سرائیکی زبان وادب اور تاریخ وثقافت کی پہچان ہے۔ جسکی حفاظت واشاعت سرائیکی اہل قلم کا فرض اولین ہے مگر افسوس کے بعد سرائیکی اہل قلم نے خواجہ فرید کے فکر وفن کو اجاگر کرنے کی بجائے اپنے مستعار نظریات کی اشاعت کا ذریعہ بنانے کی کوشش کی۔ جس کا قریشی صاحب نے ڈٹ کر مقابلہ کیا اور تجاوزات کا یہ سلسلہ کافی حد تک بند ہو گیا۔ ممتاز سرائیکی دانشور مجاہد جتوئی نے مرحوم پر اپنے مضمون میں بجا لکھا ہے۔ کہ آپ کی تنقید شاعروں کے لئے روح تک چھید ڈالتی ہے۔ ان کا جواب ہوتا تھا کہ ہماری روح میں جہالت کا سرطان پھیلا ہوا ہے جسے مرہم کی نہیں نشتر کی ضرورت ہے بقول علامہ اقبال۔

ع اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

واقعی قریشی مرحوم کی تنقید نگاری ڈاکٹر کے نشتر کا اثر رکھتی تھی اور وہ اس سلسلے میں ادب کو تعلق پر قربان کرنے کے قائل نہیں تھے۔ ان کا مرتب کردہ "دیوان فرید" اور منفرد تالیف "اوزان فرید" سرائیکی ادب اور فریدیات کے لئے گرانقدر سرمایہ کا درجہ رکھتی ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ اکرم قریشی کے حالات زندگی شاعرانہ پختگی اور تنقیدی کارناموں کے حوالے سے



CamScanner

دانش گاہی سطح پر کام کیا جائے اور ہماری وسیبی یونیورسٹیوں کے طلباء کو تلقین کی جائے کہ وہ سرائیکی وسیب کے اہلِ قلم پر اپنے مقالات تحریر کریں تا کہ ہمارا ادبی سرمایہ محفوظ ہونے کے ساتھ مستقبل کے اہل علم تک پہنچ سکے۔

# نعتیہ شاعری

اصطلاحی مفہوم میں "نعت" وہ منظوم اظہار خیال ہے جس میں صاحب لولاک سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات بیان کی جائیں۔ آپ کی مدح سرائی کی عقیدتی اظہار رباعی، قطعہ، غزل، مثنوی، مسدس، مخمس، مسمط الغرض جملہ اصناف شاعری میں کیا جاتا رہا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا "ذکرو رفعنا" روزِ ازل سے جاری و ساری ہے۔ آپؐ کے نور مجسم کی بشری آمد سے قبل آپ کا ذکر تورات، زبور، انجیل، صحیفوں اور دیگر کتب میں موجود تھا۔

بعثت کے بعد عشق رسول مختلف پہلوؤں سے سامنے آنے لگا۔ آپ کا ہر قول اور ہر فعل صحابہؓ کیلئے نمونہِ عمل قرار پایا۔ اظہار عشق ایک پہلو "نعت" کی شکل میں بھی سامنے آنے لگا۔ حضرت حسان بن ثابتؓ، دعبل خذاعیؔ، فرزدقؔ، فردوسیؔ، سعدیؔ، ملا جامیؔ، فرخیؔ، عنصریؔ، منوچہریؔ، انوریؔ، خاقانیؔ، بوصیریؔ، شہباز قلندر، خواجہ معین الدین چشتیؔ، علامہ اقبالؔ، لطیف بھٹائیؔ، حق باہوؒ، پیر مہر علی شاہ، خواجہ غلام فریدؒ، محسن کاکوریؔ، احمد رضا بریلویؔ، امیر مینائیؔ، الطاف حسین حالیؔ، حفیظ تائبؔ، اعظم چشتیؔ، حسرت موہانیؔ، ظفر علی خان، قاسم مجاہد بلوچ، کیف انصاری، قادر بزدار، محسن نقوی، جاوید احسنؔ، مصطفیٰ خادم، بشیر غمخوار، رمضان طالبؔ، راز بلوچ، سرور کربلائی، حافظ مانوی، منظور آفاقیؔ، اقبال شاہد، فرید ساجد، دلبر مولائی، بختاور کریم، شمیم سلطانہ، قدسیہ کوثر، ڈاکٹر نجمہ شاہین کھوسہ سمیت لاتعداد نعت نویسوں کی فہرست سامنے آتی ہے، یہ چند نام برسبیلِ تذکرہ ہی لکھ دیے گئے ہیں، بہرحال یہاں اکرم قریشی مرحوم کی نعت نویسی پر بحث

کرنا مقصود ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ آپ ﷺ کی ذات بابرکات ہی وجہ تخلیق کائنات ہے لہٰذا ازل سے ہی آپ ﷺ کے حسن کا تذکرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ دونوں جہانوں کا رب ہے اور آپ ﷺ دونوں جہانوں کیلئے رحمت ہیں۔

از روزِ ازل تا توڑ ابد، ہے قصہ حسن محمد ﷺ دا
قرآن اشارے ڈیندا ہے پر اہل فہم بہوں تھوڑے ہن
کونین ڈو مصرعے حمد یہ ہن فردوس نبی ﷺ دیاں ست نعتاں
حسان ؓ کنوں لا اکرم تئیں تھئے شعر رقم بہوں تھوڑے ہن

1857ء کے انقلاب یعنی جنگ آزادی کے بعد مسلمانانِ برصغیر ظلم کی چکی میں پیسے جانے لگے۔ ہر دکھ اور مصیبت ان کا پیچھا کئے ہوئے تھی۔ ان مصائب بھری گھڑیوں میں شعراء ''قصہِ حسنِ محمد ﷺ'' کے ساتھ ساتھ التجا و فریاد بھی نعتوں کا حصہ بنانے لگے۔ یہ انداز اکرم قریشی کی نعتوں میں بھی موجود ہے۔

سخی حسین ؓ دا صدقہ ملے خیرات خوشیاں دی
صدا ڈیندا کھڑے اکرم ایں سائل کوں رجا ڈیوو

نعت نویسی ایک مسلمان شاعر کے روحانی عشق و محبت کا قلبی اظہار ہے۔ ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار فرماتے ہیں کہ ''جب تک مسلمان صفحِہ ہستی میں موجود ہیں ان کے دل جذبہِ عشقِ رسول ﷺ سے معمور رہیں گے۔ نعت کی اثر آفرینی اور دل آویزی میں کمی نہیں آسکتی۔'' عشق رسول ﷺ کا ایک گہرا روحانی انداز کلام اکرم قریشی میں بھرپور انداز سے موجود ہے۔

تانگھاں تپیندیاں، یاداں ستیندیاں
زلفاں پھسیندیاں، ڈھکن نہ ڈیندیاں
''مازاغ'' والا سُرمہ جچیے
اُمتی ہاں سئیں دا چنگاں نصیبے

محبوب رب دا میڈا چھپے

قلم کار کیلئے فکری، عقیدتی اور نظریاتی حوالے سے نعت نویسی ایک بہت بڑا امتحان ہوتا ہے کیونکہ شاعر کو الفاظ احتیاط سے برتنے ہوتے ہیں۔ تعریف و توصیف میں اتنا نہ بڑھ جائے کہ توحید باری تعالیٰ کا پتہ ہی نہ چلے اور نہ اتنا کمزور ڈکشن ہو کہ وہ پھکڑ پن کے زمرے میں شمار ہو یا یہ انداز ہو کہ عشقِ حقیقی اور عشقِ مجازی میں فرق ہی محسوس نہ ہو، اکرم قریشی بھی محتاط نظر آتے ہیں۔

آیا جگ تے پاک محمدؐ
پا بشری پوشاک محمدؐ
تاج عجب لولاک محمدؐ

کیتا سئیں قرآن فراہم
صلی اللہ علیہ و سلم

جس ہستی سے محبت ہو جاتی ہے اس سے منسوب ہر چیز پیاری لگتی ہے۔ لہٰذا یثرب اور اس کی گلیاں، روضہ مبارک اور اس کے مینار قلب و روح اور آنکھوں کی ٹھنڈک قرار پاتے ہیں۔ عشقِ رسولؐ میں ڈوب کر جب شاعر اپنی تخلیقی کاوش ظاہر کرتا ہے تو ایک زمانہ اس سے متاثر ہوتا ہے۔

مدینے شہر دی بہار اللہ اللہ
گلی کوچہ کوچہ بزار اللہ اللہ
کریندے ثنائیں تے قسماں اُٹھیندے
خدا مصطفیٰؐ دا ہے یار اللہ اللہ
مٹھیندا ہے موںجھاں محمدؐ دا روضہ
جگر ٹھار ڈیندے مینار اللہ اللہ

1977ء کے بعد نعت گوئی ایک تحریک کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ جا بجا

نعتیہ محفلیں اور نعتیہ مشاعرے روح پرور مناظر بکھیرنے لگ جاتے ہیں، ڈاکٹر انور سدید کے بقول ''وجدانی جذبہ مدحتِ پیغمبرؐ میں نطق کے بوسے لینے لگتا ہے۔'' نعت میں نغمگی کے ساتھ ساتھ مقصد نبوت اور کردار رسالت پر بھی شعراء روشنی ڈالتے رہے ہیں، اکرم قریشی نے یہ انداز بھی برتا ہے۔

دین مبین کوں روشن کیتا مرسلؐ اختتامی
مومن بن گئے عربی، عجمی، حبشی، رومی، شامی

جہاد اسلام کا ایک اہم رکن ہے، نعت نویسی میں یہ عنوان بھی شاعر لوگ استعمال کرتے آئے ہیں، اکرم قریشی نے بھی جہاد کی بھرپور تبلیغ کی ہے۔

چا تلوار اپریشن کیتے، خیر دی سوچ سکیم
جنگ بدر وچ ستر کافر واصل نار جحیم
خیبر والیاں شرک رسولیاں ہویاں صاف عدیم
طائف، موتہ، جندل، قروہ، شام، عمان سقیم
اُحد، حُنین، تبوک تے خندق، ٹیکے لائے ٹیم
فتح مکہ خوب سکھائی، کعبے دی تعظیم
عربی عجمی مومن بن گئے، خوش تھئی ذات کریم
اکرم جگ کوں روشن کیتا، اسلامی تعلیم

آپ کی ذاتِ بابرکات دو جہانوں کیلئے رحمت بن کر آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ آپ کی ذات مقدس پر درود پڑھا کرو، یہ درود اللہ تعالیٰ، فرشتے اور سب مسلمان آپؐ پر بھیجتے ہیں۔

درود ہمیشہ بھیندے پاک الٰہی، حور ملک غلمان

صلِ علیٰ پڑھ اکرمؔ ہر دم منگ دعا ہر آن

''اللھم صلی علیٰ محمدؐ و آل محمدؐ''

# اکرم قریشی کے بعد اِک خلاء

شہزاد حسین ابڑ ہیند چوک قریشی
0300-6397027

ہاں جی اکرم قریشی کوئی ایسا نام نہیں جو کسی ریڑھی بان، کسی ڈرائیور یا صرف کسی فصل پر توجہ دینے والے ایک کسان کا ہو بلکہ یہ ایک ایسا نام ہے جس کے ذہن میں آتے ہی آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں کیونکہ وہ نہایت محنتی، شفیق، رحم دل، ملنسار اور بہت بڑی قد آور شخصیت کے مالک تھے وہ اردو اور سرائیکی ادب کے بلند مرتبہ ادیب تھے یہی وجہ ہے کہ ان کا ہم سے بچھڑنا بالکل ایسے ہے جیسے گلاب سے خوشبو کا ختم ہو جانا۔

بچھڑا وہ کچھ اس ادا سے کہ رُت ہی بدل گئی
اِک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

صدیوں کے بعد ایسے استاد صفت لوگ پیدا ہوتے ہیں جو معاشرے کے لئے روشنی کا منبع بن جاتے ہیں تاریکی کے پردے چھٹ جاتے ہیں اور انسان کی زندگی میں امید کی ایک نئی کرن کروٹ لیتی ہے۔

جب وہ موجود تھے تو ادب کی اصلاح و ترقی کی ذمہ داری ان کے کندھوں پر تھی اور انہوں نے علم و ذوق کی شمعیں روشن کیں اور ان کے ہم عصر اس ذمہ داری سے سبکدوش رہے محض اس لئے کہ اکرم قریشی صاحب زندہ ہیں۔ مگر ان کے جانے کے بعد بہت بڑا خلاء پیدا ہو گیا۔ اور اس خلاء کی ہولناکیاں کھائے جا رہی ہیں اور اکرم قریشی صاحب کی بہت یاد آ رہی ہے۔ سچ ہی کہا تھا علامہ اقبال نے کہ۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اکرم قریشی ضلع ڈیرہ غازیخان مانہ احمدانی میں انتہائی قابل احترام قوم قریشی ہاشمی میں پیدا ہوئے آپ کی تعلیم صرف میٹرک تھی آپ گھریلو معروفیات کی وجہ سے تعلیم آگے جاری نہ رکھ سکے مگر علم وادب سے اپنا تعلق جوڑے رکھا آپ ہمیشہ علم وادب میں تحقیق کے ہی قائل تھے بغیر ثبوت کے بات کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔

آپ عالم فارسی، عالم علم عروض اور سرائیکی واردو ادب وگرائمر پر مکمل طور پر عبور رکھتے تھے۔آپ ادب کی دنیا میں غصے کے قائل نہ تھے بلکہ دلائل پر یقین رکھتے تھے۔ وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ میرے جانے کے بعد آپ کو میری جدائی کا احساس ہوگا۔ان کی طبیعت پر قتیل شفائی کا شعر ہذا صادق آتا ہے۔

ہمیں نہ ہوں تو زمانے کی سانس رک جائے
قتیل وقت کے سینے میں ہم دھڑکتے ہیں

اکرم قریشی جن کو میں ترجمان فرید کہتا ہوں ان کو سرائیکی ادب کا قابل فخر ایوارڈ ''پاسبان فرید'' ملا جوان کی سرائیکی ادب کے لئے خدمات اور فرید شناسی کے اعتراف میں دیا گیا۔

اکرم قریشی کی زیر صدارت ایک بزم بھی چلتی رہی جس کو ''بزم اکرم'' کا نام دیا گیا اس میں ادب کی ترویج وترقی کے لئے کام کیا جاتا رہا۔اکرم قریشی ایک اعلیٰ رومانوی وانقلابی شاعر تھے ان کی ایک کافی،

ڈِیوے لہودے بال بال

اول انعام یافتہ کافی ہے وہ اپنی زندگی کا ایک ایک پل اور اپنی سوچ کو علم وادب کے لئے مرکوز رکھتے تھے۔لوگوں کو قحط سالی کے خدشات سے آگاہی دینے کے لئے لاہور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینمیل ہسبنڈری لاہور نے جانوروں کی اہمیت پر مشاعرہ کرایا تو استاد اکرم قریشی کی نظم ''جانوروں کی اہمیت'' نے خوب خراج داد وصول کیا اور اسی مشاعرے میں اردو زبان کے معروف ناقد وشاعر احمد ندیم قاسمی نے کہا کہ انتظامیہ جو بھی فیصلہ

کرے قریشی صاحب کی مذکورہ نظم میری دانست میں اول انعام یافتہ ہے" بعدازاں احمد ندیم قاسمی نے اکرم قریشی کو مبارک باد کا خط لکھا نیز کچھ بحور غالب پر تبادلہ خیالات کا اظہار کیا میرے قلم میں اتنی طاقت تو نہیں کہ ان کے علمی ادبی قد کاٹھ پر وضاحت سے کچھ لکھ سکوں اور ان کی ایک ایک کتاب کے بارے میں لکھ سکوں مگر پھر بھی میں تھوڑی بہت جان کاری آپ کو انکی تحقیق و مرتبہ کے بارے میں ضرور دونگا کہ آپ بھی ان کے ادبی مرتبہ کے بارے میں سمجھ سکیں۔

پہلے تو یہ کہ وہ (140) کتب ورسائل کے ناشر تھے........اس کے علاوہ قیس فریدی نے ایک کتاب لکھی جس کا نام مرتب دیوان فرید تھا تو قریشی صاحب نے بعنوان "محرف دیوان فریدی" لکھ کر ابہام کو دور کیا اور آکھیا خواجہ فرید نے" مرتب آصف لاہوری نے کتاب لکھی تو اکرم قریشی نے اس کے جواب میں کتاب بہ موسوم "ممسوخ دیوان فرید" لکھی۔ طاہر کوریجہ نے کتاب "دیوان فریدؒ" لکھی تو اکرم قریشی نے اس پر تبصرہ بعنوان "خواجہ فرید دا ادبی جائزہ" لکھ کر یہ بات واضح کردی کہ فرید شناسی ان کی رُم رُم میں رچی بسی ہوئی ہے۔ آپ کی مشہور کتب مندرجہ ذیل ہیں۔

مرتب دیوان فرید، محرف دیوان فرید، ممسوخ دیوان فرید، اوزان دیوان فرید،

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا کہ ہر چیز فنا ہونے والی ہے بس پھر وہ وقت آیا جب 3 دسمبر 2008ء کو اکرم قریشی صاحب خالقِ حقیقی سے جا ملے......اب ان کے شاگردوں اور اولاد پر منحصر ہے کہ وہ ان کے ادبی کاروان کے سالار بنتے ہیں یا پھر؟

اللہ رب العزت استاد اکرم قریشی صاحب کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

آمین

CS CamScanner

ہم بشیر احمد تالپور کو اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن
آف پاکستان میں بطور سیلز آفیسر Promot ہونے پر
مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

فرید ساجد صاحب ✿ محمد بخش صابر صاحب



CamScanner